# عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ

AISHA STEEL

## نوٹس برائے انیسواں سالانہ اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے حصص یافتگان کا انیسواں (19) سالانہ اجلاس عام بروز ہفتہ مورخہ 28 اکتوبر 2023ء کو صبح 11:00 بجے بمقام پی ایس ایکس آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1۔ کمپنی کے اٹھارویں (18) سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 اکتوبر 2022 کی کارروائی کی توثیق۔

2۔ 30 جون 2023 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3۔ 30 جون 2024ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

4۔ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 159 کی شقوں کے مطابق کمپنی کے ڈائریکٹرز کا تین سالہ مدت کے لئے انتخاب جس کا آغاز 31 اکتوبر 2023 سے ہوگا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے قابلِ انتخاب ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) مقرر کی جا چکی ہے۔ بعد از انتخاب بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) ہوگی اور کمپنی کے سی ای او کو کمپنیز ایکٹ کی دفعہ (3)188 کے تحت ڈائریکٹر تصور کیا جائے گا۔ مندرجہ ذیل ڈائریکٹرز 31 اکتوبر 2023 کو ریٹائر ہونگے:

1۔ جناب عارف حبیب 2۔ جناب کاشف اے حبیب 3۔ جناب صمداے حبیب 4۔ محترمہ طیبہ رشید 5۔ جناب ارسلان محمد اقبال 6۔ جناب راشد علی خان

7۔ جناب نسیم بیگ 8۔ جناب عالمگیر اے شیخ

**خصوصی امور:**

5۔ ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کے سلسلے میں درج ذیل کو منظور کرنا:

i) 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں میں ظاہر کیے گئے ملحقہ پارٹیوں کے سودوں/ انتظامات/ معاہدوں/ بیلنس کی توثیق اور منظوری۔

ii) کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ مالیاتی سال 30 جون 2024 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دے سکیں جن کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوتی ہے۔

اس کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قرار دادیں ترمیم یا بلا ترمیم منظور کی جائیں گی:

**قرار پایا** کہ ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ سودوں/ انتظامات/ معاہدوں/ بیلنس جیسا کہ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں میں ظاہر کیا گیا ہے، بذریعہ ہذا اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ مالیاتی سال 30 جون 2024 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرنا۔

**مزید قرار پایا** کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/ منظوری کے لئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

6۔ کمپنی کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے (بیلنس شیٹ، نفع نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور اس میں موجود دیگر رپورٹس سمیت) بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عمومی قرارداد کو ترمیم یا بلا ترمیم پاس کرنا:

قرار پایا، جیسے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ SRO.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے اجازت دی گئی ہے، کمپنی کے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے CD/DVD/USB کے بجائے بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل کرنے کے لیے منظور کیا جاتا ہے۔

**دیگر امور:**

7۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانیہ نوٹس ہذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ
منظور رضا
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 7 اکتوبر 2023ء

**نوٹ:**

1. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 20 اکتوبر 2023 تا 28 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی [ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL)] کو جمعرات 19 اکتوبر 2023 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں تمام حصص یافتگان کی اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کے تعین کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا/ کرسکتی ہے جسے ممبر کی طرح تمام حقوق حاصل ہوں گے۔
3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ریفرنس نمبر 3 (5اے) متفرق اے آر او/ ایل ای ایس/ 96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات سمیت طریقہ کار:

i– ممبران، پراکسیوں یا نامزد افراد کو اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

ii– کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔

iii– مؤثر العمل ہونے کے لیے، پروکسی فارم دستخط اور مہر شدہ اور دو گواہوں کے نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر پر موصول ہو جانے چاہئیں۔

iv– انفرادی صورت میں بینیفیشل آنر اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوں گی۔

v– کارپوریٹ ادارے کے پروکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔

4. **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

کمپنی اس سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے انکی بذاتِ خود موجودگی کے ساتھ ساتھ وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ لہٰذا آن لائن شرکت کے متمنی تمام شرکاء اور ممبران سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل کوائف اور سی این آئی سی کی (دونوں اطراف) کاپی کے ہمراہ corporate.affairs@aishasteel.com پر بذریعہ ای میل برائے "Registration for ASML AGM 2023" کے عنوان سے اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل رجسٹریشن کرالیں۔

| شیئرز ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

اے جی ایم میں شرکت کیلئے وڈیو لنک صرف ان ممبران کیلئے کھولا جائیگا جن کے تمام مطلوبہ درست کوائف پر مشتمل ای میل corporate.affairs@aishasteel.com پر موصول ہوگی۔ حصص یافتگان مذکورہ ای امیل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر 0311-2706624 پر اپنے ایجنڈہ آئیٹمز کیلئے رائے اور سوالات بھی ارسال کرسکتے ہیں۔

**5– وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی**

حصص یافتگان اجلاس ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہوسکتے ہیں۔ کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کریگی۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے متمنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ''وڈیو لنک فیسیلٹی فارم'' پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کر دیں۔ واضح ہو کہ ممبر یا پروکسی کے علاوہ کوئی فرد وڈیو لنک کانفرس میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔

**6– ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے رائے دہی**

سالانہ اجلاسِ عام میں رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے میٹنگ کے لیے مختص مقام پر پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا۔

**7– ای-ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ**

ممبران کو بذریعہ ہذٰا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 144-143 اور 2022(1)SRO.2192 مورخہ 5 دسمبر 2022 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبران کو اس میں بیان کی گئی شرائط کے مطابق سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور اور ڈائریکٹرز کے انتخاب (اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد قانون کے تحت مقرر کی گئی تعداد سے زیادہ ہوں) کے لیے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے ممبران کو درج ذیل متبادل اختیارات فراہم کیے جا رہے ہیں:

**i- ای-ووٹنگ کا طریقہء کار**

(ا) ای-ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کو ای میل کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 19 اکتوبر 2023 کو اختتام کار تک کمپنی کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

(ب) ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔ سیکورٹی کوڈز، ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والے کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس (SMS) اور ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

(ج) ای– ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ اِن کرنے کے لیے فراہم کردہ تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

(د) ای– ووٹنگ کی لائنیں 25 اکتوبر 2023 کو صبح 09:00 بجے سے کھلیں گی اور 27 اکتوبر 2023 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**ii- پوسٹل بیلٹ**

(ا) ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.aishasteel.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے 21 اکتوبر 2023 یا اس سے قبل دستیاب ہونگے اور اخبارات میں شائع کئے جائیں گے۔

(ب) ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ اجلاس کے چیئرمین تک صحیح طریقے سے پُرشدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے ساتھ عارف حبیب سینٹر، 23، ایم۔ ٹی۔ خان روڈ، کراچی میں ڈاک کے ذریعے (کمپنی سیکریٹری کو متوجہ کر کے) یا حصص یافتہ کے رجسٹرڈ ای میل سے chariman.generalmeeting@aishasteel.com پر بذریعہ ای میل "Postal Ballot for ASML AGM 2023" کے عنوان سے 27 اکتوبر 2023 بروز جمعہ شام 05:00 بجے سے پہلے پہنچ جائیں۔

بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔ مقررہ وقت اور تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ میں شامل نہیں ہوگا۔

(ج) براہِ کرم نوٹ کریں کہ ووٹنگ میں کسی تنازع بشمول ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے کی صورت میں، چیئرمین فیصلہ کرنے کا مجاز ہوگا۔

**8– سالانہ رپورٹ کی تقسیم**

گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی گوشواروں کے علاوہ، 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں (سالانہ رپورٹ) کے ساتھ آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کو کمپنی کی ویب سائٹ www.aishasteel.com پر بھی دستیاب کر دیا گیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (6)223 کے تقاضوں کے مطابق، کمپنی نے سالانہ رپورٹ کو الیکٹرونک طور پر ای میل کے ذریعے اُن شیئر ہولڈرز تک پہنچایا ہے جن کے ای میل ایڈریس ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے پاس دستیاب ہیں۔ اُن صورتوں میں، جہاں ای میل ایڈریس ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے پاس دستیاب نہیں ہیں، اس صورت میں ممبران کو سالانہ اجلاسِ عام کے اشاعت شدہ نوٹس کے ہمراہ سالانہ رپورٹ، بشمول QR کوڈ اور اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ویب لنک، سی ڈی کے ذریعے بھیجی جا رہی ہے۔

**9– شیئرز ہولڈرز کی جانب معلومات کی فراہمی**

مختلف قوانین کی تعمیل، اور کسی بھی قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات/ دستاویزات/ امور کے سلسلے میں اپنے متعلقہ شریک/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/ ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو فراہم کر دیں/ سے رابطہ کریں:

– درست سی این آئی سی/ این ٹی این سرٹیفکیٹ/ زکواۃ استثنیٰ سرٹیفکیٹ/ ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی فراہمی۔

– درست بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور/ یا IBAN کی فراہمی تاکہ کمپنی گزشتہ یا مستقبل میں نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کر سکے۔

– جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے شیئرز کے درمیان تناسب۔

– فزیکل شیئرز کی اسکریپ لیس صورت میں منتقلی، جس سے حصص یافتگان کو کئی انداز میں سہولت ملے گی جس میں محفوظ تحویل، مستعد خرید و فروخت اور دیگر کارپوریٹ کارروائیوں میں آسانی ہے۔

– کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 119 اور کمپنیز (جنرل پروویشن اینڈ فارمز) ریگولیشن 2018 کی شق نمبر 19 کے تحت لازمی رجسٹریشن کی معلومات بشمول موبائل نمبر/ لینڈ لائن نمبر اور ای میل ایڈریس کی فراہمی۔

– اپنے پتے، ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر میں کسی قسم کی تبدیلی کی تحریری طور پر ASML کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر کو فوری اطلاع۔

**اہم:**

**10– ڈائریکٹرز کے انتخاب کا مقابلہ:** کوئی بھی فرد (بشمول ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر) جو کہ ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے مقابلے کا خواہاں ہو، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، عارف حبیب سینٹر، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں مذکورہ اجلاس سے کم از کم 14 دن قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اپنے کاغذات نامزدگی مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ فراہم کردے:

i– انتخاب لڑنے کے لئے اپنے ارادے کا نوٹس، مندرجہ ذیل تین قسموں میں سے کسی ایک قسم کی وضاحت کرنا جس میں وہ لڑنے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہے۔

| خاتون ڈائریکٹر | آزاد ڈائریکٹر | دیگر ڈائریکٹر |
|---|---|---|

ii– مکمل پُر شدہ اور دستخط شدہ فارم 28 جس میں منتخب ہونے پر بحیثیت ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی (زیر دفعہ (1)167 کمپنیز ایکٹ 2017) اور اس کی بات کی تصدیق کہ وہ قوانین وضوابط کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے اور یہ کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 85 کے مطابق اہلیت کے لیے حصص رکھے۔

iii– تفصیلی تعارف (پروفائل) مع دفتری پتہ جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر انتخاب سے سات روز قبل SECP کے SRO1196(1)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے تحت آویزاں کر دیا جائے گا۔

iv– اقرارنامہ کہ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے قواعد وضوابط پر پورا اترتا ہے اور لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر (یا بطور آزاد ڈائریکٹر، اگر قابل اطلاق ہو) کے حیثیت سے کام کرنے کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے طے کردہ معیار اہلیت پر پورا اترتا ہے۔

v– قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور این ٹی این (NTN) کی تصدیق شدہ نقل۔

vi– آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کا لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3)6 کے تحت اقرار نامہ۔

vii– نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی شق (1)4 کی مطلوبات پر پورا اترتا/ اترتی ہے۔


**رجسٹرڈ اور کارپوریٹ آفس:**

دوسری منزل، عارف حبیب سنٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان۔

ٹیلیفون : 22-19-32468317 21 92+ | فیکس : 32468320 21 92+ | ویب سائٹ : www.aishasteel.com | ای میل : info@aishasteel.com

## STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This statement sets out the material facts concerning the Special Business given in Agenda item No. 5 and Agenda item No. 6 of the Notice to be transacted at the Annual General Meeting of the Company. Directors of the Company have no interest in the special businesses, except in their capacity as director / shareholder.

## AGENDA # 5

### Approval of transactions with related parties

In compliance with applicable laws, related party transactions are approved by the Board as recommended by the Audit Committee on a quarterly basis. As common directors may be deemed to be interested in certain related party transactions due to their directorship and / or shareholding in the associated companies / related parties, the Board, in order to promote transparency, is seeking shareholders' approval for related party transactions / arrangements / agreements / balances as disclosed in the audited financial statements for the year ended June 30, 2023.

Authorization for the Board of Directors to approve those transactions with related parties (if executed) during the financial year ending June 30, 2024 which require approval of shareholders u/s 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017.

The Company shall be conducting transactions with its related parties during the year ending June 30, 2024 as per the approved policy with respect to 'transactions with related parties'. Being the directors of multiple companies, many Directors may be deemed to be treated as interested in transactions with related parties due to their common directorships and/or shareholding. In order to promote good corporate governance and transparent business practices, the shareholders desire to authorize the Board of Directors to approve transactions with the related parties from time-to-time on case to case basis, including transactions (if executed) triggering approval of shareholders u/s 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017, for the year ending June 30, 2024, which transactions shall be deemed to be approved by the Shareholders. The nature and scope of such related party transactions is explained above. These transactions shall be placed before the shareholders in the next AGM for their formal approval/ratification. The Directors are interested in the resolution only to the extent of their shareholding and / or common directorships in such related parties.

## AGENDA # 6

### Circulation of Annual Audited Financial Statements through QR enabled code and weblink

Through its Notification bearing No. S.R.O 389(I)/2023 dated March 21, 2023, subject to conditions mentioned therein, SECP has allowed circulation of Annual Audited Financial Statements by the companies to its members through QR enabled code and web link instead of CD/DVD/USB. In view of technological advancements and old technology becoming obsolete, Members are requested to authorize the same by approving the agenda.

However, if a shareholder, in addition, requests for complete financial statements with relevant documents in hard copy, the same shall be provided free of cost within seven days of receipt of such request. For convenience of shareholders, a "Standard Request Form for provision of Annual Audited Accounts" has also been made available on the Company's website (http://www.aishasteel.com/).

## STATEMENT UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT 2017

Section 166 of the Companies Act 2017 requires that a statement of material facts is annexed to the notice of the general meeting called for the purpose of election of directors which shall indicate the justification for choosing the appointee for appointment as independent director.

Being a listed company, Aisha Steel Mills Limited is required to have at least three independent directors on its Board in accordance with the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. Accordingly, the Company shall ensure that at least three independents are elected in accordance with the procedures for election of directors laid down in Section 159 of the Companies Act 2017.

After the contestants file their notice / intention to stand for elections in the category of independent director, the Company shall apply following criteria for choosing the appointee for appointment as independent director:

- Inclusion of name of independent directors in the data bank maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance (PICG) duly authorized by SECP.

- Respective competencies, diversity, skill, knowledge and experience of the election contestants shall be assessed.

- The company shall exercise due diligence before selecting a person from the data bank that the contestant meets the independence criteria as mentioned in Section 166(2) of the Companies Act, 2017.

# پراکسی فارم
انیسویں سالانہ جنرل اجلاس

کمپنی سیکریٹری
عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ
عارف حبیب سینٹر
23، ایم ٹی خان روڈ
کراچی۔

میں مسمّی / مسمّاۃ ____________ ساکن ____________ ضلع ____________ بحیثیت ممبر عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ،

مسمّی / مسمّاۃ ____________ ساکن ____________ کو بطورِ مختار (پراکسی) مقرر کرتا ہوں تا کہ وہ میری

جگہ اور میری طرف سے کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام جو بتاریخ 28 اکتوبر، 2023 بروز ہفتہ منعقد ہو رہا ہے میں اور ان کے کسی ملتوی شدہ اجلاس میں ووٹ ڈالے۔

دستخط: ____________ بروز/ بتاریخ ____________ 2023

## گواہان:

| 1 | 2 |
|---|---|
| نام: ____________ | نام: ____________ |
| پتہ: ____________ | پتہ: ____________ |
| شناختی کارڈ نمبر: ____________ | شناختی کارڈ نمبر: ____________ |
| دستخط: ____________ | دستخط: ____________ |

دستخط
ریوینیو اسٹیمپ

## نوٹ:

- وہ رُکن جسے اجلاس میں شرکت یا ووٹ کا حق حاصل ہے وہ کسی ناگزیر صورتحال میں اپنی جگہ کسی دوسرے (مخصوص) شخص کو یہ حق دے سکتا ہے کہ وہ رُکن اُس کی پراکسی استعمال کرتے ہوئے، اُس کے بجائے اجلاس میں شریک ہو سکتا ہے، خطاب کر سکتا ہے یا ووٹ کا اندراج کر سکتا ہے۔
- پراکسی ثابت کرنے کے لئے اُسے اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اور فولیو نمبر کو دکھانا لازمی ہے تا کہ اجلاس میں شرکت کی اجازت سے قبل اُس کی شناخت کی جا سکے۔
- مئوثر بنانے کے لئے، پراکسی فارم ہمارے رجسٹرار کے دفتر (ایم/ایس) سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، ایس، ایم، سی، ایچ، ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی، میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل وصول ہونا لازمی ہے۔ فارم میں تمام مطلوبہ معلومات، رُکن کے دستخط اور مہر، نیز دو گواہان کی بنیادی معلومات یعنی نام پتے، دستخط اور شناختی کارڈ نمبر کا اندراج ضروری ہے۔
- انفرادی رُکن کی صورت میں اصل اونر اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول منسلک کرنا لازمی ہے۔
- پراکسی کے کارپوریٹ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائیریکٹر کی قرارداد، پاور آف اٹارنی، شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیقی شدہ نقول، پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔